## Education - FA Part 2 Education Urdu Medium Chapter 3 Short Questions Preparation Online Test

Q1. 1947 کی تعلیمی کانفرنس کے نام قائداعظم کے پیغام کے 2 اہم نکات لکھیں.

**Ans 1:** نکات درج ذیل ہیں: 1.دنیا میں ہونے والی تعلیمی ترقی پر نظر رکھنی چاہئیے. 2.تعلیم کے ذریعے نئی نسلکے کراد میں اعلیٰ صلاحیتیں پیدا کرنی چاہئیں.

---

Q2. قومی تعلیمی پالیسی 80-1972 میں نجی سکولوں اور کالجوں کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟

**Ans 1:** ???? ?????? ?????? 80-1972 ?????? ?? ??? ??? ????? 1972? ?? ??? ?? ???? ??? ???? ??? ??? ?????? 1974? ?? ???? ??? ???? ???? ????? ??? ?? ??? ???.?? ?????? ?? ?????? ?? ?????? ?????? ?? ????? ?????? ??? ????? ?????? ?? ??????? ??? ?? ??? ??? ?? ??? ?????? ?? ?????? ?? ???? ?????? ???? ??? ???? ??.

---

Q3. قومی تعلیمی پالیسی 2010-1998 میں ابتدائی تعلیم کے لئے کیا پالیسی اپنائی گئی؟

**Ans 1:** موجودہ پالیسی میں اس بات کو تسلیم کیا گیا کہ ہر شہری کو تعلیم کے مواقع فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے.2002ء تک داخلوں کی شرح 90% کرنے کا پروگرام بنایا گیا.اساتذہ کی تربیت اور موجودہ نظام کی خرابیاں دور کرنے کے لئے خصوصی پروگرام بنئے گئے.

---

Q4. قومی تعلیمی پالیسی 2010-1998 سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** مسلم لیگ کی حکومت 1997ء میں برسر اقتدار آئی تو وزیراعظم نوازشریف نے نئی تعلیمی پالیسی تشکیل دینے کا حکم دیا جس کا اعلان اس وقت کے وزیر تعلیم سید غوث علی شاہ نے مارچ 1998ء میا کیا.قومی تعلیمی پالیسی 2010-1998 کہلاتی ہے.

---

Q5. پاکستان میں آج تک تعلیمی مقاصد کا حصول ممکن کیوں نہیں ہو سکا؟

**Ans 1:** پاکستان میں تعلیمی پالیسیوں کا جائزہ لیتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ 1947ء سے اب تک جتنی بھی حکومتیں تبدیل ہوئیں سب نےاقتدار حاصل کرنے کے بعد تعلیمی پالیسی میں تبدیلی کو ضروری سمجھا جبکہ پالیسیوں کے مقاصد میں یکسانیت پائی جاتی ہے.تعلیمی پالیسی کے مقاصد کی پالیسی ہوتی ہے اور اسے حکومت بدلنے کے ساتھ تبدیل نہیں ہونا چاہئیے.تعلیمی مقاصد کے حصول کے لئے کئی منصوبہ بنائے گئے لیکن ان پر عمل درآمد نہ ہو سکا،اس لئے آج تک تعلیمی مقاصد کا حصول ممکن نہ ہوا.

---

Q6. قومی تعلیمی پالیسی 80-1972 سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** دسمبر 1970 میں مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد پیپلز پارٹی کی حکومت آئی تو ذولفقار علی بٹھو نے اس پالیسی کا اعلان کیا،اس پالیسی کے نفاذ کے وقت تمام پرائیوٹ اداروں کو قومی تحویل میں لے لیا گیا اور ملکی نظام تعلیم کے دوسرے پہلوؤں میں بہت سی تبدیلیاں تجویز کی گئی.

---

Q7. قومی تعلیمی پالیسی 80-1972 میں پیپلز اوپن یونیورسٹی کا قیام کیوں عمل میں لایا گیا؟

**Ans 1:** قومی تعلیمی پالیسی 80-1972 میں طے کیا گیا کہ دوسرے ممالک کی طرح ایک ایسی یونیورسٹی قائم کی جائے جو خط و کتابت،ریڈیو ور ٹی وی پروگراموں اور جزوقتی کلاسوں کی سہولتیں مہیا کرے گی.اس میں ایسے لوگوں کو تعلیمی سہولیات مہیا کی جائیں گی جو مختلف وجوہات کی بنا پر صبح کی کلاسز میں باقاعدہ تعلیم جاری نہیں کر سکتے.اب اس یونیورسٹی کا نام علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ہے.

---

Q8. قومی تعلیمی پالیسی 1998-2010 میں اسلامک ایجوکیشن کے لئے کیا پالیسی اپنائی گئی؟

**Ans 1:** قرارداد مقاصد اور آئین پاکستان کی دفعہ 13 کے مطابق پہلی دفعہ یہ تعلیم کیا گیا کہ پاکستانی شہری کے لئے قرآن و سنت کے مطابق زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرنے کی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے،طلبہ کی اس کے مطابق تربیت ضروری ہے.اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے قرآن کی تعلیم کو تمام سطحوں اور درجوں میں لازمی قراردیا گیا.

---

Q9. قومی تعلیمی پالیسیوں پر دو سطریں لکھیں.

**Ans 1:** پاکستان کی تعلیمی پالیسیوں میں بانی پاکستان قائد اعظم کے فرمان کو ملحوظ رکھا گیا اور اسلامی نظریہ حیات کو مقاصد تعلیم بنیاد بنایا گیا.تمام پالیسیوں کے مقاصد میں عمومی طور پر یکسانیت پائی جاتی ہے.

---

Q10. پہلی تعلیمی کانفرنس میں تعلیم کو لازمی قرار دینے کے بارے میں کیا فیصلہ کیا گیا؟

**Ans 1:** پہلی تعلیمی کانفرنس نے ملک ہمیں گیر.لازمی اور مفت ابتدائی تعلیم کا انتظام کرنے کی سفارش کی اور کہا کہ ملک میں نا خواندگی، پسماندگی اور جہالت کے خاتمے لے لئے ہمہ گیر لازمی اور مفت ابتدائی تعلیم کا بندوبست نہایت ضروری ہے،ابتدائی تعلیم سے متعلقہ کمیٹی نے سفارش کی کہ ابتدائی تعلیم کی مدت پانچ سال ہو،جسے بعد میں بڑھا کر آٹھ سال کر دیا جائے.

---